24/02/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ محمد اعظم سے خبریں سُنئے

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی آج بہار کے Bhagalpur سے پردھان منتری کسان سمان ندھی اسکیم کی 19 ویں قسط جاری کریں گے۔ یہ قسط 9.8 کروڑ مستفید ہونے والے کسانوں کو براہ راست رقومات کی منتقلی کے ذریعے جاری کی جائے گی۔

اس اسکیم سے مستفیدین کے بینک کھاتوں میں 22 ہزار 7 سو کروڑ روپے سے زیادہ کی امداد براہ راست جاری کی جائے گی۔

عبدالرحیم راتھر

جموں و کشمیر میں، 3 مارچ کو منعقد ہونے والے بجٹ سیشن کے آغاز سے قبل جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر، عبدالرحیم راتھر نے 27 فروری کو کُل جماعتی میٹنگ طلب کی تاکہ 43 دن تک جاری رہنے والے اجلاس کا کام احسن طریقے پر چل سکے ۔

اطلاعات کے مطابق اسپیکر نے نیشنل کانفرنس، بھارتیہ جنتا پارٹی، پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی، اور پیپلز کانفرنس کے
رہنماو

---

ں کو قانون ساز اسمبلی کمپلیکس، جموں میں میٹنگ کے لیے مدعو کیا ہے۔ٔ

جتیندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ بی جے پی نے حالیہ اسمبلی انتخابات میں حکمران جماعت سے کہیں زیادہ ووٹ شیئر کے ساتھ کامیابی حاصل کی ہے ۔

انہوں نے کہا کہ جموں کے علاقے کے لوگوں نے وزیر اعظم نریندر مودی کی" ڈبل انجن " سرکار پر اکثریت سے اعتماد ظاہر کیا ہے۔

ملاقات

ڈسٹرکٹ ڈیولپمنٹ کونسل بڈگام کے چیئرمین نذیر احمد خان اور او بی سی ویلفیئر ایسوسی ایشن کے چیئرمین محمد اقبال آہنگر نے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

انہوں نے عوامی اہمیت کے مسائل لیفٹیننٹ گورنر کی نوٹس میں لاکر ان کے ازالے کی درخواست کی ۔

CRPF

آپریشنز DIG وسطی کشمیر رینج کے ڈپٹی انسپکٹر جنرل راجیو پانڈے اور سی آر پی ایف کے گاندربل اور سی آر پی ایف کی مشترکہ آپریشنل صلاحیتوں کا جائزہ لیا تاکہ SOG سدھیر کمار نے سیکورٹی اور آپریشنل تیاریوں کو تقویت دی جا سکے۔

گاندربل نے ضلع کے موجودہ سیکورٹی منظر نامے کے بارے میں افسران کو SSP ابتداءمیں کے مشترکہ آپریشنز اور کامیاب CRPF تفصیلی جانکاری دی ۔ انہوں نے جموں کشمیر پولیس اور کاروائیوں کی وضاحت بھی کی ۔

فاریسٹ

پرنسپل چیف کنزرویٹر آف فارسٹس اینڈ ہیڈ آف فاریسٹ فورس سریش کمار گپتا نے سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران محکمہ جنگلات کے کام کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر سریش کمار گپتا نے سینٹر کے نام سے فاریسٹ Nature and Knowledge بڈگام کے سکول میں قائم کی گئی لائبرری کا افتتاح کیا ۔ جس کا مقصد نوجوان نسل میں ماحولیاتی تعلیم کو فروغ دینا ہے۔ بعد میں چیف کنزرویٹر آف فاریسٹ کشمیر عرفان رسول وانی نے محکمہ کی جاری سرگرمیوں کی وضاحت کی ۔

جنگلات

جموں و کشمیر کے محکمہ جنگلات نے مارچ مہینے کے اختتام تک ڈیڑھ کروڑ پودے لگانے کا نشانہ مقرر کیا ہے ۔ شجر کاری کی اس مہم کا مقصد خطے میں گرین کور کو تقویت بخشنا اور آب و ہوا کی تبدیلی کے اثرات کو کم کرنا ہے ۔

اس سلسلے میں محکمہ سوشل فاریسٹری نے لوگوں میں سفیدے کے پیڑ تقسیم کرنا شروع کر دیا ہے تاکہ لوگوں کو بھی اس مہم میں شریک کیا جا سکے ۔

ڈائریکٹر کالجز

ڈائریکٹر کالجز ڈاکٹر شیخ اعجاز بشیر نے اپنے دو روزہ دورے کے دوران شمالی کشمیر میں قائم کئے گئے ڈگری کالجوں میں جاری کام کاج کا جائزہ لیا ۔

سوپوراور ٹھنڈمہ کریری کے ڈگری کالجوں کا معائینہ کیا ، Bommaiانہوں نے ڈنگی وچھہ ، جہاں انہوں نے التواءمیں پڑے تعمیراتی منصوبوں اور زیر تعمیر پروجیکٹوں کا جائزہ لیا ۔

گونگل

شیر کشمیر یونیورسٹی آف ایگریکلچرل سائنس اینڈ ٹیکنالوجی شالیمار کے اہتمام سے ایگری ٹیک میلہ "گونگل" آج اختتام پذیر ہو رہا ہے۔

میلے میں بنگلورو کے انسٹی چیوٹ آف سوشل اینڈ اکنامک چینج کے چیرمین اشوک ڈالوی نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ وِکست بھارت کے ہدف کو پورا کرنے میں جمونو کشمیر کا ایک اہم رول رہے گا۔

ڈاکٹر رَیحانہ حبیب کنٹھ نے آکاشوانی سرینگر Extension اس تعلق سے یونیورسٹی کی ڈائریکٹر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا ۔

کرکٹ

چمپئنز ٹرافی میں آج بنگلہ دیش اور نیو زی لینڈ کے درمیان میچ کھیلا جائے گا ۔ ICC مردوں کے کل رات دبئی انٹر نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت نے پاکستان کے خلاف چھ وِکٹوں سے جیت درج کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ